© rasailojaraid.com



حکومت کو ان کا بھی محاسبہ کرنا چاہیے۔

خاص کر وزیر اعظم پاکستان کو آئی۔ جی۔ آئی میں شامل جماعتوں کو اعتماد میں لینا چاہیے تاکہ باہمی اعتماد کے ذریعے ملک کو تخریب کاروں کے چنگل سے نکالا جا سکے۔

## مرکزی جمعیت اہل حدیث کی رکن سازی کی مہم میں بھرپور حصہ لیجئے!

یہ بات پوری جماعت کے لیے باعث مسرت ہے کہ متحدہ جمعیت اہل حدیث نے معاہدہ صلح کے مطابق رکن سازی مہم کا آغاز کر دیا ہے اور اکثر بڑے شہروں میں یہ مہم زور شور سے چل رہی ہے۔

رکن سازی کسی بھی جماعت کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے جس سے اُن کی افرادی قوت کا بھرپور اظہار ہوتا ہے۔ رکن سازی چند افراد کے بس کا کام نہیں بلکہ اس میں پوری جماعت کو متحرک کرنا پڑتا ہے خاص کر نوجوانوں کو اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے تاکہ یہ کام احسن طریق سے پایۂ تکمیل کو پہنچ سکے۔ ہمارا سب کا فرض ہے کہ ہم از خود اس مہم میں بھرپور حصہ لیں اور اپنے حلقۂ احباب میں رکن سازی کو متعارف کرائیں۔

قارئین کرام سے بھی گزارش ہے کہ وہ اس کی تشہیری مہم کو تیز کریں تاکہ خاص و عام کو علم ہو سکے اور وہ جمعیت کی رکن سازی میں شریک ہوں۔

© rasailojaraid.com